**نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق**
**موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات**

**محکمۂ تخلیقی ملکیت**

محکمۂ تخلیقی ملکیت (آئی پی ڈی) تخلیقی ملکیت سے متعلق اعلی ترین بین الاقوامی معیاروں سے ہم آہنگ عمدہ کوالٹی کی رجسٹریشن خدمات فراہم کرنے کے تئیں پابند عہد ہے، تاکہ ہانگ کانگ، چین تخلیق اور صلاحیت کے پروان چڑھنے والے مقامات کے طور پر اپنی حیثیت بنائے رکھے۔ ایک کامیاب اور تقاضوں کے اعتبار سے بدلتے رہنے والے نشان تجارت، پیٹنٹ اور ڈیزائن رجسٹریشن کے نظام کو برقرار رکھنے کی خاطر، عوام الناس کے سبھی افراد کو ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر بروقت اور کارگر خدمات فراہم کیا جانا کافی اہمیت کا حامل ہے۔

درج ذیل اقدامات کے ذریعہ سے مختلف نسل کے افراد کی نشانات تجارت، پیٹنٹس اور ڈیزائنوں کے رجسٹریشن کے لئے ان کی درخواست کے سلسلے امداد کی جاتی ہے۔

| | |
|---|---|
| موجودہ اقدامات | • مختلف نسل کے لوگوں کے ذریعہ ترجمانی اور ترجمہ خدمات کے استعمال سے متعلق ایک اطلاع پبلک سروس کاؤنٹر پر آویزاں کر دی گئی ہے۔<br><br>• آئی پی ڈی چینی یا انگریزی نہ بولنے والے درخواست کنندگان کی عمومی استفسار کے سلسلے میں ٹیلیفون ترجمانی اور ترجمہ خدمات کے ذریعہ امداد کرتا ہے۔ مفت ترجمانی اور ترجمہ خدمات کی دستیابی کے سلسلے میں درخواست کنندگان کے بیچ پمفلیٹ بھی تقسیم کیے جاتے ہیں۔<br><br>• ان اقدامات کی ایک نقل آئی پی ڈی کی ویب سائٹ پر پوسٹ کی گئی ہے۔ حکومت کی ذریعہ فراہم معلومات اور خدمات تک متنوع النسل افراد کی رسائی کےلیے حکومتی ویب سائٹ پر ہائپر لنک قائم کردی گئی ہے۔<br><br>• اگر رجسٹرار کے سامنے ہونے والی سماعت کا کوئی فریق ایسی زبان میں اپنی بات رکھنے یا شہادت پیش کرنے کی خواہش رکھتا ہے جو کارروائیوں کی زبان (یعنی چینی یا انگریزی) نہ ہو تو، رجسٹرار کو یہ طاقت حاصل ہے کہ وہ اپنے خیال میں موزوں شرائط پر ترجمانی خدمت کی فراہمی کے لئے اس طرح کی کارروائی کی اجازت اور اس کی ہدایت دے۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • آئی پی ڈی ترجمانی اور ترجمہ خدمات کی مسلسل بہتری کے سلسلے میں مختلف نسل کے درخواست کنندگان کی طرف سے موصول ہونے والے تاثرات اور مشوروں کو جمع اور ان کا تجزیہ کرے گا۔<br><br>• آئی پی ڈی مختلف نسل کے درخواست کنندگان کو اپنی عوامی خدمات |

کے استعمال میں سہولت دینے کے مقصد سے اپنی خدمات پر وقفے وقفے سے نظرثانی کرتا رہے گا۔

کیے جانے والے اضافی اقدامات

- نسلی امتیاز کے آرڈیننس (RDO) (کیپ 602) کے بارے میں IPD کے عملے کی سمجھ اور بیداری کو افزوں کرنے کے لیے، RDO کے اصولوں پر سیمینار یا بات چیت کا اہتمام مساوی مواقع کی کمیشن ("EOC") کے ساتھ کیا جائے گا۔ EOC کا آموزشی پیکیج شائع کیا جائے گا اور IPD کے تمام عملے کو کیا جائے گا۔

- IPD نئی بھرتیوں کے لیے RDO سے متعلق تربیتی کورسوں کا اہتمام کرنا جاری رکھے گا۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق اقدامات کے بارے میں استفسار کے لئے، برائے مہربانی درج ذیل وسیلوں سے ایگزیکٹو افسر (عمومی) Mr Anakin KWOK سے رابطہ کریں –

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون نمبر | : | 2961 6899 |
| فیکس نمبر | : | 2574 9102 |
| ای میل | : | enquiry@ipd.gov.hk |
| ڈاک پتہ | : | 25/ایف، وو چنگ ہاؤس، 213 کوینس روڈ ایسٹ، وانچائی، ہانگ کانگ |

**محکمۂ تخلیقی ملکیت**

**جولائی 2023**